نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729   E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

دھان کے کاشتکار فصل کی کٹائی کے بعد مڈھوں اور پرالی کو آگ لگانے سے گریز کریں:ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

دھان کی باقیات (مڈھوں اور پرالی) کو آگ لگانے والوں کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

لاہور 10اکتوبر 2023:ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ پاکستان دنیا کے دس ممالک میں سے ایک ہے جو موسمیاتی تبدیلیوں اور فضائی آلودگی کا شکار ہیں۔سموگ ماحولیاتی آلودگی کی ایک خطرناک قسم ہے۔ٹھہری ہوئی ہوا میں موجود گیسیں مثلاً کاربن مونو آکسائیڈ،نائٹروجن آکسائیڈ میتھین،سلفر ڈائی آکسائیڈ اور ہائیڈرو کاربن وغیرہ کے ذرات مل کر سموگ کا روپ دھار لیتے ہیں۔سموگ بننے کی وجوہات میں ٹریفک اور فیکٹریوں سے نکلنے والے دھویں کے علاوہ فصلوں کی باقیات کو آگ لگانا بھی شامل ہے۔اس ضمن میں محکمہ زراعت کی جانب سے کاشتکاروں کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ دھان کی فصل کی کٹائی کی جا رہی ہے۔کاشتکار کٹائی کے بعد فصل کی باقیات(مڈھوں اور پرالی) کو آگ لگانے سے گریز کریں کیونکہ اس سے فضائی آلودگی (سموگ) پیدا ہوتی ہے۔ترجمان نے مزید کہا کہ امسال حکومت پنجاب کی ہدایات پر دھان کی باقیات کو آگ لگانے والوں کو 15 تا 30ہزار روپے فی ایکڑ تک جرمانہ ادا کرنا ہوگا اور اس کے علاوہ ان کے خلاف قانونی کاروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے بتایا کہ دھان کی کٹائی کے بعد پاک سیڈر کے استعمال سے کاشتکار دھان کی باقیات کو زمین میں ملا کر گندم کی بوائی بھی مکمل کر سکتے ہیں۔کاشتکار دھان کی کٹائی کیلئے ترجیحاً کمبائن ہارویسٹر استعمال کریں۔دھان کے مڈھوں کو آگ لگانے سے زمین کی بالائی سطح پر موجود نامیاتی مادہ کو نقصان پہنچتا ہے اور زمین کی زرخیزی متاثر ہوتی ہے۔دھان کے کاشتکار مڈھوں کو آگ لگانے کی بجائے انہیں زمین میں ملا کر زرخیزی میں اضافہ کریں۔دھان کے مڈھوں کو تلف کرنے کیلئے کاشتکار دستی کٹائی کی صورت میں روٹاویٹر اور مشین سے کٹائی کی صورت میں ڈسک ہیرو کی مدد سے فصل کی باقیات کو زمین میں ملا دیں یا گہرا ہل چلا کر آدھی بوری یوریا فی ایکڑ چھٹہ کر کے پانی لگا دیں۔اس سے زمین کی زرخیزی اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ ہوتا ہے۔کاشتکار دھان کے مڈھوں کی تلفی کے سلسلے میں محکمہ زراعت کی ہدایات پر عمل کریں کیونکہ سموگ کی وجہ سے انسانی زندگیوں پر براہ راست منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

☆☆☆☆